ABC CERTIFIED | سانول گروپ آف نیوز پیپرز کے تحت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اخبار | Member APNS | Member CPNE

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ● (سرکاری عدالتی اشتہارات کیلئے منظور شدہ)

www.bhakkartimes.com.pk

Daily BHAKKAR TIMES

مسلسل اشاعت کے 25 سال

روزنامہ

بھکر ٹائمز

بانی: محمد ذوالقرنین سکندر (مرحوم)

چیف ایگزیکٹو: محمد حفیظ اللہ شاہ ہاشمی

چیف ایڈیٹر: محمد سبط الحسنین

جلد 28 | بدھ 31 جنوری 2024، 19 رجب 1445، 16 ماگھ 2078 ب، صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ 181

انویسٹی گیشن آفیسر وفاقی محتسب عارف خان کنڈی کا دورہ بھکر

پاسپورٹ آفس، پوسٹل لائف انشورنس، اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی اور دیگر محکموں کیخلاف سنے گئے

کھلی کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کر رہے ہیں، عارف خان کنڈی

بھکر (نامہ نگار) عارف خان کنڈی انویسٹیگیشن آفیسر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کی ضلع بھکر میں صوبائی محتسب آفس ضلع میں اوسی آر پروگرام کا دورہ۔ وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے انویسٹیگیشن آفیسر عارف خان کنڈی نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ضلع بھکر کا دورہ کیا اور

باقی صفحہ 3 نمبر 34

صوبائی محتسب آفس بھکر میں 30 جنوری بروز منگل دن 10 بجے OCR پروگرام کے کیسز برخلاف واپڈا فیسکو، سوئی گیس، بی آئی ایس پی، پاسپورٹ آفس، پوسٹل لائف انشورنس، اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی اور دیگر محکموں کیخلاف سنے گیے۔ جس پر انویسٹیگیشن آفیسر وفاقی محتسب نے متعلقہ اداروں کے افسران کو احکامات صادر کر کے موقعہ پر ہی ریلیف مہیا کیا۔ انہوں نے میڈیا سے پریس کانفرنس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے حکم سے دور دراز علاقوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کر رہے ہیں اور لوگوں کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے دورے کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ شہریوں کو سرکاری افسران تک رسائی ممکن ہو سکے تا کہ تمام لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو سکیں۔ اس ضمن میں انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کرتے ہوئیکہا کہ آئندہ عوام کے مسائل پر کسی قسم کی کوتاہی اور سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوام نے وفاقی محتسب کے اس اقدام کو سراہا۔

ABC Certified
ملتان، لاہور، ڈی جی خان، بہاولپور، جھنگ، رحیم یار خان میں دستیاب
Daily SULTAN Multan
چیف ایڈیٹر: محمد علی سلطان
روزنامہ سلطان ملتان
061-4514680
0300-9680640
جلد نمبر 15 | بدھ 19 رجب المرجب 1445ھ 19 ماگھ 31 جنوری 2024ء صفحات 6 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 27

ملتان میں بچی کی گمشدگی پر وفاقی محتسب کا نوٹس علاقائی انچارج کو ہدایات جاری

اس حوالے سے مقامی پولیس حکام سے رابطہ کر کے اس کیس کی پیش رفت بارے جامع رپورٹ ارسال کی جائے: اعجاز احمد قریشی

ملتان (سٹاف رپورٹر) ملتان کے نواحی علاقے قادر پورراں میں کمسن بچی زینب کی گمشدگی کے حوالے سے والدین نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کو درخواست دی۔ جس پر فوری نوٹس لیتے ہوئے وفاقی

محتسب کے علاقائی دفتر کے انچارج محمود جاوید بھٹی کو ہدایات جاری کی کہ وہ اس حوالے سے مقامی پولیس حکام سے رابطہ کر کے اس کیس کی پیش رفت بارے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56

بقیہ نمبر	روزنامہ سلطان	56

جامع رپورٹ ارسال کی جائے۔ جس پر سی پی او ملتان محمد صادق ڈوگر اور ڈی ایس پی شاہد اقبال نے انچارج وفاقی محتسب ملتان محمود جاوید بھٹی سے ملاقات کے بعد بچی کی برآمدگی کے بارے میں کئے گئے اقدامات اور بچی کو بازیاب کروانے کے حوالے سے مفصل رپورٹ پیش کی۔ جس پر ریجنل انچارج محمود جاوید بھٹی نے اطمنان کا اظہار کرتے ہوئے مزکورہ رپورٹ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کو ارسال کر دی ہے۔